سوال

(328) ختم قرآن یا ختم بخاری پر جشن منانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ختم قرآن ختم بخاری شریف وغیرہ یا کسی کتاب کی تکمیل پر جشن منانا اور کھانا کھلانا کیسا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض تفسیروں میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "سورة البقرة" ختم کی تو دس اونٹ راہ اللہ ذبح کر ڈالے (1) اس سے معلوم ہوا کسی دینی کتاب کے اختتام پر کھانا کھلانا یا شرینی وغیرہ بانٹ دی جائے تو کوئی ۔ حرج نہیں کسی حد تک یہ شے طبعی اور قدرتی خوشی میں بھی داخل ہے البتہ اس فعل کو ضروری سمجھ کر اس کا اہتمام والتزام کرنا سلف سے ثابت نہیں ۔ (واللہ اعلم)

1۔ البیهقی (۲/۳۳۱) (۱۹۵۷) (الشعب) فصل فی تعلیم القرآن

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص611

محدث فتویٰ